مقالہ کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے:

باب اول کا عنوان حسنین محمد مخلوف کا آئینہ حیات ہے یہ تین فصول پر مشتمل ہے جس میں حسنین محمد مخلوف کی پیدائش وتعلیم، تصنیفات وتالیفات پر ایک نظر ڈالنے کے ساتھ ان کے اکابر معاصرین کے اقوال وآرا کا ذکر کیا گیا ہے۔

باب دوم تفسیر صفوۃ البیان کے اصول تفسیر اور خصائص کی ابحاث پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں صفوۃ البیان کے اصول تفسیر، فصل ثانی میں تفسیر کے نمایاں خصائص اور فصل سوم میں تفسیر کے ماخذ ومصادر سے بحث کی گئی ہے۔

باب سوم میں تفسیر صفوۃ البیان کے اسلوب ومنہج پر بحث کی ہے۔ فصل اول میں آیات عقائد کی تفسیر کا منہج، فصل دوم عبادات سے متعلق جبکہ فصل سوم معاملات کے حوالے سے آیات کی تفسیر کا منہج شامل باب ہے۔